Allied Bank

**CORPORATE AFFAIRS GROUP**

HOL/CAG/SU/2021/183
August 05, 2021

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir,

**Notice of Extraordinary General Meeting to be held on August 27, 2021– (Prior to Publication)**

In compliance of the Regulation No. 5.6.9(b) of the PSX, enclosed please find text of the Notices (English & Urdu) regarding Extraordinary General Meeting of Allied Bank Limited to be published in Daily Business Recorder & Daily Nawa-e-Waqt (combined editions; Karachi, Lahore and Islamabad) on August 06, 2021.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Thanks & Regards,

**Muhammad Raffat**
Company Secretary

Encl : (a.a.)

Ad 54cm x 6col

**Allied Bank** www.abl.com

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting ("EOGM") of the Members of Allied Bank Limited ("ABL") will be held virtually through electronic mode on Friday, August 27, 2021 at 11:00 AM, to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm minutes of the 75th Annual General Meeting of Allied Bank Limited held on March 25, 2021. Copy of the said minutes is being provided to shareholders along with the notice.
2. To elect 7 directors of the Bank, as per the number fixed by the Board of Directors of the Bank under Section 159(1) of the Companies Act 2017, for a period of next three years commencing from August 27, 2021. The total strength of the Board of Directors shall be eight including the CEO of the Bank, being deemed director under Section 188(3) of the Companies Act, 2017. The following are the names of retiring Directors, who are eligible for re-election:

| | |
|---|---|
| 1) Mohammad Naeem Mukhtar | 5) Nazrat Bashir |
| 2) Sheikh Mukhtar Ahmad | 6) Muhammad Akram Sheikh |
| 3) Muhammad Waseem Mukhtar | 7) Zafar Iqbal |
| 4) Abdul Aziz Khan | |

**Other Business:**

3. To transact any other business with the permission of the Chair.

**Date:** **Friday, August 6, 2021**
**Place:** **Lahore**

**By the Order of the Board**
**Muhammad Raffat**
**Company Secretary**

## Notes:

i) All members are entitled to attend and vote at the Meeting.

ii) A member entitled to attend and vote at the Meeting is entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote for him/her; the proxy appointed should be a member of Allied Bank Limited.

iii) The instrument of proxy duly completed and signed along with power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a notarized certified copy of such power of attorney must be valid and deposited at the Registered Office of the Bank i.e. 3-Tipu Block, Main Boulevard, New Garden Town, Lahore or with its Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited at CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi not less than 48 hours before the start time of the Meeting. In calculating the 48 hours, no account shall be taken of any part of the day that is not a working day.

iv) In order to protect wellbeing of the Shareholders from threats posed due to COVID-19 pandemic; and to facilitate maximum participation of the shareholders, the EOGM will be held virtually through electronic mode as per the guidelines issued by SECP vide its Circular No. 4 of 2021 dated February 15, 2021 and subsequent Circular No. 6 of 2021 dated March 03, 2021. All shareholders are requested to forward their following particulars along with snapshot of valid CNIC (both sides) at least 24 hours before the time of EOGM at WhatsApp # +923018211456 or by email at Muhammad.Raffat@abl.com

- Name:
- CNIC Number (Please also attach snapshot of valid CNIC):
- Folio Number:
- Cell Number:
- Email Address:

On receipt of request, the link/credentials to join the meeting through Zoom will be sent to the said shareholder(s) on the given email address or through WhatsApp message after required verification.

v) Share Transfer Books of the Bank will remain closed from **Friday, August 20, 2021 to Friday, August 27, 2021 (both days inclusive)**. Share transfer requests for physical shares, received at Bank's Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited before the close of business on August 17, 2021 or August 18, 2021 (subject to declaration of Ashura holidays by the Government of Pakistan) will be treated in time for the purpose of transfer of shares and to attend & vote in the EOGM.

vi) Members are requested to immediately notify changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar before start of the book closure period.

vii) Members may exercise their right to vote as per provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, subject to the requirements of Section 143 & 144 of the Companies Act 2017. Further, details in this regard will be communicated to the shareholders within legal time frame as stipulated under these Regulations, if required.

viii) CDC Account Holders will have to follow the under mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan:

a) In case of individuals, the Account Holder or Sub-account Holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per CDC's Regulations, shall submit proxy form.
b) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
c) Attested copies of valid CNIC or the Passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
d) The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
e) In case of corporate entity, the resolution of Board of Directors / Power of Attorney with specimen signature shall be produced along with the proxy form of the Company.

**Election of Directors - Procedure**

The term of office of the present Board of Directors of the Bank would expire on August 26, 2021. In terms of Section 159(1) of the Companies Act 2017 ("Act") the Board of Directors in its 251st meeting held on July 13, 2021, has fixed the number of directors as 7 (Seven) to be elected in the Extraordinary General Meeting of the Bank for the period of next three years. Any person who seeks to contest the election to the office of a Director, whether he is retiring director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Bank located at 3-Tipu Block, Main Boulevard, New Garden Town, Lahore, not later than 14 days before the date of EOGM:

a) Notice of his/her intention to offer himself/herself for election to the Office of Director in terms of Section 159(3) of the Act.
b) A detailed profile along with office address as required under SECP's SRO # 1196(I)2019 dated October 03, 2019.
c) Declaration under Regulation 3 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2019 and Section 155 of the Act.
d) Declaration that he/she is not ineligible to become a director of ABL in terms of Sections 153 and 177 of the Act.
e) As per requirements under SBP's BPRD Circular No. 04 dated April 23, 2007 and Circular No. 09 dated October 18, 2018 and the Prudential Regulation (G-1), all requests for seeking prior clearance of SBP for appointment of Directors of the Bank should be routed through the Bank along with the following documents:
   i. Proforma regarding Fit & Proper Test ("Annexure-I")
   ii. Affidavit on Non-Judicial Stamp Paper along with answered questionnaire for assessing "Fit & Proper Test" ("Annexure-II")
   iii. Attested copy of valid CNIC/NICOP/Passport(s).
   iv. Copies of all academic & professional degrees / certificates.
   v. Copies of employment certificates received from previous employers.

vi. Detailed CV having date-wise employment history.

f) In terms of the above referred SBP circulars, association of the following persons as a director is undesirable and against public interest:
   i. A person who is/has been associated with any illegal activity, especially relating to the banking business; and
   ii. A person, who in his individual capacity or a proprietary concern of any company or any listed public company (of which he has been a proprietor, partner, director or shareholder), has been in default of payment of any taxes.
   iii. Further, please note that as per SBP requirements, a person is not permitted to be a director of more than one Bank / DFI.

g) A director must be holding minimum 100 shares of the Bank at the time of filing of his/her consent to act as director.

h) Independent Director(s) will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Act and require to meet the criteria laid down in BPRD Circular No. 15 of 2016 dated December 28, 2016, issued by SBP as well as criteria laid down under Section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations 2018, accordingly, declaration of independence in compliance with BPRD Circular # 15 dated December 28, 2016 is also to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an independent director.

## FOR SHAREHOLDERS' ATTENTION

**Deposit/Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere with the provisions of the Section 72 of the Companies Act, 2017 (the "Act") requiring all companies to replace shares issued by them in Physical Form with shares in Book-Entry Form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP but not exceeding four years from the date of the promulgation of the Act. Therefore, the Shareholders having physical shareholding are requested to open Investor Account directly with Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") or CDC sub-account with any of the brokers to place their physical shares into book-entry form. It would facilitate the shareholders in many ways including safe custody of shares, no loss of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares and readily available for sale and purchase in stock market at better rates. The Shareholders may contact the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank, i.e. CDC Share Registrar Services Ltd., (address given below) for the conversion of Physical shares into Book- Entry Form.

**Mandatory Requirement for Provision of IBAN and Valid CNIC (withholding of dividend)**

In compliance with requirements of Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, the Bank has withheld dividend of those shareholders who have not yet provided correct and complete bank account details including valid IBAN of their own bank accounts.

In order to receive cash dividend(s) withheld by the Bank as stated above, shareholders are requested to contact Bank's Share Registrar at the below given address or Participant / Investor Account Services of Central Depository Company of Pakistan (as the case maybe) along with legible copy of their respective valid CNIC and provide their complete and correct bank account details including valid IBAN by filling the Form available at the Bank's website link: **https://www.abl.com/bankmandateform**

**CDC Share Registrar Services Limited,**
**Head Office., CDC House 99-B, Block- B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi.**
**Tel: Customer Support Services 0800-23275 (Toll Free) Fax: +92-21-34326053**

**Registration on CDC's e-Services Web Portal**

Central Depository Company (CDC) has developed Centralized Cash Dividend Register (CCDR), an eServices web portal which contains details pertaining to cash dividend paid, unpaid or withheld by listed companies. The CCDR will help to maintain history of dividends paid to shareholders by listed companies and access of all such information will be provided to the respective shareholders. The web portal will facilitate shareholders of listed companies in retrieving detail of cash dividends from centralized register and using the same for their record purposes. Shareholders may access CCDR via https://eservices.cdcaccess.com.pk

In addition, the Dividend / Zakat & Tax Deduction Report can also be obtained directly from Participant (Stock Broker) which has been provided to them on their CDS terminals. Moreover, shareholders may also receive copy of this report on their provided email addresses.

**Claiming of Unclaimed/Unpaid Dividends and Share Certificates**

In compliance of Section 244 of the companies Act 2017, the Bank has already requested through individual letters to shareholders who have not yet claimed their outstanding cash dividends, right and bonus shares. Shareholders are once again requested to lodge their claims for cash dividends, right /bonus shares kept with the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank, on the address given above.

**Consent for Video Conference Facility:**

In accordance with Section 134(1)(b) of Companies Act 2017, the members may avail video conference facility for the meeting, on a demand of members residing in a city who hold at least 10% of the total paid up capital, the bank would provide the facility of video-link to such members enabling them to participate in the meeting. To avail this facility, please provide following information to the Share Registrar office:

I/we ________________________ of ______________ being a member of Allied Bank Limited, holder of ________________________

ordinary share(s) as per Registered Folio/CDC Investor/Participant Account No. ______________________________________________

hereby opt for video conference facility at ______________________________ (Please specify name of the city).

Date ______________ Signature of Member ___________________________

This notice along with Proxy Form has been sent to all members of the Company in accordance with Section 134(1) of the Companies Act, 2017.

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff.Grp. S.Wing

54cm x 6col

Allied Bank

www.abl.com

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام بتاریخ 27 اگست 2021 بروز جمعہ بوقت 11 بجے صبح الیکٹرانک طریقے سے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

۱۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 75 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 25 مارچ 2021 کے منٹس کی توثیق۔ مذکورہ منٹس کی کاپی شیئر ہولڈرز کو نوٹس کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (1)159 کے تحت بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مختص کردہ تعداد کے مطابق 27 اگست 2021 سے اگلے تین سال کے عرصہ کے لئے بینک کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)188 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کُل تعداد بشمول بینک کے سی ای او کے آٹھ (8) ہوگی۔ ریٹائرنگ ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں جو دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں:

**1- محمد نعیم مختار 2- شیخ مختار احمد 3- محمد وسیم مختار 4- عبدالعزیز خان 5- نصرت بشیر 6- محمد اکرم شیخ 7- ظفر اقبال**

**دیگر امور:**

۳۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی اور کاروبار کی انجام دہی

بحکم بورڈ
محمد رفعت
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: جمعہ، 6 اگست، 2021
مقام: لاہور

## نوٹس:

۱۔ تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔

۲۔ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر بذات خود یا باقاعدہ طور پر دیئے گئے اختیار کے ساتھ کسی بھی شخص کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی (proxy) مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی مقرر کئے جانے والے شخص کیلئے لازم ہے کہ وہ بھی الائیڈ بینک کا ممبر ہو۔

۳۔ پراکسی مقرر کئے جانے سے متعلق دستاویز (instrument) اور پاور آف اٹارنی (power of attorney) یا دیگر کوئی اور اتھارٹی جس کے تحت دستخط کئے گئے ہیں یا اس پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کو موثر ہونے کیلئے الائیڈ بینک لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس 3 ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور یا بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک-"B"، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ 48 گھنٹوں میں چھٹی کا دن شامل نہیں ہوگا۔

۴۔ ایسے حصص یافتگان جو غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ آن لائن شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اجلاس سے کم از کم 24 گھنٹے قبل اپنے کارآمد شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں اطراف کی تصویر کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات واٹس ایپ نمبر 923018211456+ یا Muhammad.Raffat@abl.com پر مہیا کریں:-

- نام:
- CNIC نمبر (براہ کرم اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی تصویر منسلک کریں):
- فولیو نمبر:
- موبائل نمبر:
- ای میل ایڈریس:

درخواست موصول ہونے پر ایسے حصص داران کو زوم (Zoom) کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے لنک/معلومات (ضروری تصدیق کے بعد) اُن کے دیئے گئے ای امیل ایڈریس یا واٹس ایپ میسجز کے ذریعے ارسال کردی جائیں گی۔

۵۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص کی منتقلی کی کتب جمعہ 20 اگست 2021 تا جمعہ 27 اگست 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے لئے جو درخواستیں بینک کے شیئر رجسٹرار کو اوپر دیئے گئے پتے پر 17 یا 18 اگست 2021 (عاشورہ کی تعطیلات کے سرکاری اعلان کے مطابق) کے دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی وہ غیر معمولی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

۶۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی سے متعلق بینک کے شیئر رجسٹرار کو اوپر دیئے گئے پتہ پر فوری طور پر مطلع کریں۔ ایسی درخواستیں کتب کی بندش سے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔

۷۔ ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 143 اور 144 سے مشروط، کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ووٹ ڈالنے کا استحقاق استعمال کرسکتے ہیں۔ اس بابت مزید معلومات اگر درکار ہوئیں تو ان قوانین کے تحت دیئے گئے قانونی وقت کے اندر اندر حصص داران تک پہنچا دی جائیں گی۔

۸۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو SECP کی جانب سے مقرر کردہ ہدایت پر عمل کرنا ہوگا جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

a) ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا ایسے شخص کو، جس کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، CDC کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b) پراکسی فارم پر کم از کم دو گواہوں کے دستخط مع نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ثبت ہونا چاہئے۔

c) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل آنر اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

d) اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

e) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ اس کے دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

### ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ طریقہ کار:

بینک کے موجودہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مدت/میعاد 26 اگست 2021 کو ختم ہوجائے گی۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 13 جولائی 2021 کو منعقدہ 251 ویں اجلاس میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی جنہیں بینک کے غیر معمولی اجلاس عام میں آئندہ تین سال کے لئے منتخب کیا جائے گا۔ کوئی شخص جو الیکشن میں حصہ لینا چاہتا ہے چاہے وہ ریٹائرنگ ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، کمپنی سیکرٹری کو بینک کے رجسٹرڈ دفتر واقع 3۔ ٹیپو بلاک، گارڈن ٹاؤن لاہور پر EOGM کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن پہلے درج ذیل دستاویزات جمع کرائے:

a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے دفتر کے لئے الیکشن میں اپنی منشاء/ارادے کا اظہار۔

b) SECP کے SRO نمبر 1196 (1) 2019 بتاریخ 03 اکتوبر 2019 کے تحت تفصیلی پروفائل بمع آفس کا پتہ۔

c) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق 3 کے تحت اقرار نامہ۔

d) کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 153 اور 177 کے تحت اقرار نامہ کہ امیدوار اے بی ایل کا ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل/ناقابل انتخاب نہیں ہے۔

e) BPRD, SBP سرکلر نمبر 4 بتاریخ 23 اپریل 2007 اور سرکلر نمبر 9 بتاریخ 18 اکتوبر 2018 پروڈینشل ریگولیشن (G-1) کے تحت ڈائریکٹرز اپنے دفتر کا چارج اسوقت تک نہیں سنبھال سکتے جب تک اسٹیٹ بینک کی جانب سے ان کی تقرری کی تحریری اجازت نہ ہوجائے۔ بینک کے ڈائریکٹرز کی تقرری کے لئے SBP سے کلیرنس کی تمام درخواستیں بذریعہ بینک درج ذیل دستاویزات کے ساتھ جانا ضروری ہے:

- فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ سے متعلق پروفارما (بحوالہ درج بالا SBP سرکلر کا انیکچر۔ I)
- غیر عدالتی سٹامپ پیپر پر حلف نامہ بمعہ سوالنامہ کے جوابات "فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ" کی جانچ کے لئے (بحوالہ درج بالا SBP سرکلر کا انیکچر۔ II)
- تمام تعلیمی اور پیشہ ورانہ ڈگریوں اسرٹیفکیٹس کی نقول
- کارآمد شناختی کارڈ/NICOP/پاسپورٹ کی مصدقہ نقل

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff. Grp. S. Wing

- تفصیلی سی وی (CV) تاریخ کے حساب سے ملازمت کی معلومات، اگر ہیں
- سابقہ آجر/مالکان سے ملازمت کے سرٹیفکیٹس کی نقول

f) درج بالا SBP سرکلرز کے تحت درج ذیل افراد کی بطور ڈائریکٹر وابستگی قابل قبول نہیں اور مفاد عامہ کے خلاف ہے:

i) کوئی بھی فرد جو کسی غیر قانونی سرگرمی خاص طور پر بینک کے کاروبار سے متعلق، میں ملوث رہ چکا ہو/ہے؛ اور

ii) کوئی فرد جو اپنی انفرادی حیثیت یا کسی کمپنی کی حق ملکیت سے متعلق یا کسی بھی لسٹڈ پبلک کمپنی (جس کا وہ مالک، شراکت دار، ڈائریکٹر یا شیئر ہولڈر رہ چکا ہو) کے ٹیکسز کی ادائیگی میں نادہندہ ہو۔

iii) مزید، SBP کی شرائط کے تحت، کسی بھی فرد کو ایک سے زیادہ بینک یا ڈی ایف آئی کا ڈائریکٹر ہونے کی اجازت نہیں۔

g) ڈائریکٹر کے پاس بطور ڈائریکٹر اپنی رضامندی کا اندراج کراتے وقت الائیڈ بینک کے کم از کم 100 شیئرز کا ہونا ضروری ہے۔

h) انڈیپنڈینٹ ڈائریکٹرز ایکٹ/قانون کے سیکشن 159 کے تحت الیکشن آف ڈائریکٹرز کے طریقہ کار کے ذریعے منتخب ہوں گے اور انہیں SBP BPRD سرکلر نمبر 15 بتاریخ 28 دسمبر 2016 اور کمپنیز ایکٹ سیکشن (2)166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلکیشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے معیار پر پورا اترنا ضروری ہے لہذا امیدوار کا الیکشن آف ڈائریکٹرز میں بطور انڈیپنڈینٹ ڈائریکٹر حصہ لینے کی رضامندی کے اظہار کے لئے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا BPRD سرکلر نمبر 15 بتاریخ 28 دسمبر، 2016 کے تحت انڈیپنڈنس کا اقرار نامہ بھی جمع کروانا ہوگا۔

## حصص یافتگان کی توجہ کے لئے

### فزیکل شیئرز کا بک انٹری فارم میں تبادلہ

سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے 26 مارچ 2021 کو اپنے مراسلہ نمبر سی ایس ڈی/ای ڈی/Misc 640-639-2016 کے توسط سے لسٹڈ کمپنیز کو کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی دفعہ پر عمل پیرا ہونے کا مشورہ دیا ہے جس کے تحت ایس ای سی پی کے رائج کیے گئے طریقہ کار اور مطلع شدہ تاریخ جو کہ اس ایکٹ کے جاری ہونے کی تاریخ سے چار سال سے زائد نہ ہو تمام لسٹڈ کمپنیز کو ان کے فزیکل فارم میں جاری شدہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔

لہذا فزیکل شیئرز ہولڈنگ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں یا کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس تبدیلی سے حصص یافتگان کو مختلف چیزوں مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کا نہ کھونا، ڈوپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کی کاروائی سے نجات اور بہتر نرخوں پر اسٹاک مارکیٹ میں باآسانی خرید و فروخت کی سہولیات میسر ہوں گی۔

حصص یافتگان اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے (درج ذیل پتہ پر) رابطہ کر سکتے ہیں۔

### IBAN اور موثر شناختی کارڈ (CNIC) کا مہیا کرنا (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹریبیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کی شرائط پر عمل درآمد کرتے ہوئے بینک ان حصص داران کو منافع منقسمہ ادا نہیں کر سکتا جنہوں نے اب تک اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست اور مکمل تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم نہیں کی ہیں۔

بینک کے پاس روکے گئے مذکورہ بالا نقد منافع منقسمہ کی وصولی کی غرض سے حصص داران سے درخواست ہے کہ بینک کے شیئرز رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر یا پارٹیسپینٹ/سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان کی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (جیسی بھی صورت ہو) کو اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی واضح کاپی اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست اور مکمل تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم کریں اس کے لئے بینک کی ویب سائٹ لنک پر دستیاب فارم کو پُر کر کے ارسال کریں۔ https://www.abl.com/bankmandateform

### سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

ہیڈ آفس، سی ڈی سی ہاؤس 99۔ بی بلاک، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔

فون: کسٹمر سپورٹ سروسز 23275-0800 (ٹول فری)، فیکس: 34326053-21-92+

### CDC's e-Services ویب پورٹل پر اندراج

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) نے مطلع کیا ہے کہ انھوں نے مرکزی نقد منافع منقسمہ رجسٹر (CCDR) کیلئے e-Services ویب پورٹل بنایا ہے جس میں لسٹڈ کمپنیوں کے منافع منقسمہ کی ادائیگی، غیر ادائیگی اور روک لئے گئے منافع منقسمہ کی تفصیلات مہیا کی جاتی ہیں۔ CCDR منافع جات کی تاریخی تفصیل بمع انکم ٹیکس/زکوۃ کٹوتی (اگر کوئی ہو) اور نقد رقم کی حصص داران کے اکاؤنٹ میں منتقلی کا ریکارڈ برقرار رکھنے میں حصص داران کا مددگار ہے۔ درج بالا سہولت حاصل کرنے کیلئے حصص داران خود کو CDC کے eServices پورٹل پر رجسٹر کروائیں جس کا لنک https://eservices.cdcaccess.com.pk ہے۔ اس کے علاوہ حصص داران منافع منقسمہ/زکوۃ اور ٹیکس کٹوتی کی رپورٹ اپنے پارٹیسپنٹس (سٹاک بروکر) سے براہ راست حاصل کر سکتے ہیں جو کہ ان کے CDS ٹرمینل پر مہیا کر دی گئی ہے۔

مزید برآں اس رپورٹ کی کاپی حصص داران اپنے فراہم کردہ رجسٹرڈ email پر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

### غیر دعوی شدہ/غیر ادا شدہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس کا دعوٰی

2017 کے کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 244 کی تعمیل میں بینک نے پہلے ہی انفرادی طور پر بھیجے گئے خطوط کے ذریعے ان حصص یافتگان سے درخواست کی ہے جنھوں نے ابھی تک اپنے نقد منافع منقسمہ، رائٹ یا بونس شیئرز کا دعوٰی نہیں کیا، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر ادا شدہ کیش ڈیویڈنڈ اور رائٹ یا بونس شیئرز جو کہ بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس موجود ہیں کیلئے اپنا دعوٰی دائر کریں۔

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (b)(1)134 کے تحت اگر ممبران جن کی مشترکہ شیئر ہولڈنگ 10% یا اس سے زیادہ ہو اور جو کسی اور شہر میں مقیم ہوں اور میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے حصہ لینا چاہتے ہوں ان کے مطالبے پر بینک ان ممبران کو ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گا تاکہ وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے قابل ہوں سکیں۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی مندرجہ ذیل معلومات شیئر رجسٹرار آفس میں جمع کروائیں۔

میں/ہم (شیئر ہولڈر کا نام) ____________، (شہر کا نام) ____________ سے الائیڈ بینک کا ممبر ہونے کے تحت آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/سی ڈی سی/انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ____________ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں (شہر کا نام واضح کریں) ____________ ممبر کے دستخط: ____________

نوٹس ہذا بمعہ پراکسی فارم کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (1)134 کے تحت تمام ممبران کو بھیجا جا چکا ہے۔

ALLIED BANK LIMITED Corp. Aff.Grp. S.Wing